PRESS RELEASE پریس ریلیز (also emailed*/faxed separately)

# گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا رائے عامہ سروے

## موضوع: " سیاست "

## " قومی ادارے "

## گزشتہ ایک سال میں، تقریباً 10 میں سے 1 (8%) پاکستانیوں (تقریباً 10 ملین بالغ افراد) کو عدالت جانا پڑا۔

**(گیلپ & گیلانی پاکستان پول)،**

اسلام آباد، 2 مارچ، 2020

گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، گزشتہ ایک سال میں، 8% پاکستانیوں کو عدالت جانا پڑا۔ جس کے مطابق گزشتہ ایک سال میں تقریبا 10 ملین پاکستانی عدالت گئے۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ، **"گزشتہ ایک سال کے دوران میں آپ کو یا آپ کے گھر کے کسی فرد کو عدالت / کچہری میں کسی کام کو کروانے کے لیے جانا پڑا ہے یا نہیں؟"**، اس سوال کے جواب میں 8% جوابدہندگان کے مطابق "ہاں" گزشتہ ایک سال کے دوران اُن کے گھرانے کے کسی فرد کو عدالت / کچہری میں کسی کام کو کروانے کے لیے جانا پڑا، جبکہ 92% جوابدہندگان کے مطابق "نہیں" گزشتہ ایک سال کے دوران اُن کے گھرانے کے کسی بھی فرد کو عدالت / کچہری میں کسی کام کو کروانے کے لیے نہیں جانا پڑا۔


### شہری اور دیہی علاقوں کے نتائج میں فرق: دیہی اور شہری علاقوں میں گزشتہ سال عدالت / کچہری میں کسی کام کو کروانے کے لیے جانے والوں کی شرح تقریباً یکساں ہے۔

کل شہری علاقوں سے تعلق رکھنے والے جوابدہندگان میں سے، 9% جوابدہندگان کے مطابق اُنھیں گزشتہ سال عدالت میں جانا پڑا، جبکہ اس سے کم شرح 7% دیہی علاقوں سے تعلق رکھنے والے جوابدہندگان نے اسی رائے کا اظہار کیا۔

### عدالتی مقدمے بمقابلہ عدالتی کام:

ایک اور سروے کے مطابق، صرف 3% جوابدہندگان کے مطابق اُن کا یا اُن کے گھرانے کے کسی فرد کا کوئی مقدمہ کسی عدالت میں ہے، جس کے مطابق تقریباً 900،000 مقدمات عدالت میں ہیں۔ اگر اس اعدادوشمار کا موازنہ عدالت میں جانے کے حوالے سے کیا جائے، تو ایسا لگتا ہے کہ تقریبا 90% عدالت میں جانے کی دیگر وجوہات ہیں جیسے کہ تصدیق نامے، حلف نامہ / حلف اٹھانے اور رجسٹریشن وغیرہ۔

"گزشتہ ایک سال کے دوران میں آپ کو یا آپ کے گھر کے کسی فرد کو عدالت / کچہری میں کسی کام کو کروانے کے لیے جانا پڑا ہے یا نہیں؟"




*Source: Gallup & Gilani Pakistan Poll*

*Field work conducted by Gallup & Gilani Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association*

*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کے 1208 مرد و خواتین سے 8 فروری تا 15 فروری 2020 میں منعقد ہوا۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً ±2-3% لگایا گیا ہے۔

***Opinion Poll from Gallup & Gilani Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Monday, 2 March 2020**

*(2 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not for profit public service project to provide social science research to students, academia, policy makers and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*

*Ms. Fatima Idrees*
*Phone: +92-51-2655630*
*E-mail:* fatima.idrees@gilanifoundation.com

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website: www.gallup-international.com*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan and Gilani Research foundation are a nonpartisan fact tank and think tank respectively. As a neutral source of data and analysis, both organizations do not take policy positions.*

Daily Gilani Poll
2020

celebrating 40 years of Gallup Pakistan (1980-2020)